Posted On Kitab Nagri

کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

محبت کے فسانے

کنول حنیف

وہ کالج کے ایڈمن بلاک کی سیڑھیوں پر بیٹھی تھی۔وہ مورنی کی آنکھوں والی قدرے بیزار سی دکھتی تھی۔وہ جو ہمیشہ لوگوں کو آتے جاتے ہوئے تنگ کرنے میں مصروف ہوتی،وہ آج خود ہی اداس بیٹھی تھی۔کچھ لڑکیاں جو اس کے پاس سے گزرتی تھیں اسے حیرت کی نگاہوں سے ذرا دیر کو تکتی اور پھر اوپر چلی جاتیں۔بچے آتے جاتے رہے مگر وہ ایسے ہی بیٹھی رہی،شائد اسے لوگوں کی نگاہوں سے کچھ خاصہ فرق نہیں پڑتا تھا۔

اچانک دھپ سے کوئی اس کے ساتھ بیٹھ گیا۔سیڑھیوں کے پاس "کھڑے درخت کی ٹہنی قدرے آگے کو جھولی"شائد اسے بھی تجسس تھا اس لڑکی کے یوں گم صم ہو جانے کی وجہ کو جاننے کا،

پہلے سے بیٹھی لڑکی نے اب ذرا سی گردن موڑ کے ساتھ بیٹھنے والی لڑکی کو دیکھا۔

ساتھ بیٹھی لڑکی نے بھنویں چڑھائی جیسے پوچھ رہی ہو کیا ہوا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ٹہنی اب اور متجسس ہوئی، وہ ذرا سا جھول کے آگے ہوئی جیسے آواز اس تک نہ پہنچتی ہو۔

کچھ نہیں ٹائم ختم ہونے والا ہے کمرے میں چلیں۔ درخت کی باقی ٹہنیوں نے اس آگے کو جھکی شاخ کو ایسے دیکھا جیسے کہ رہی ہوں "مل گئے چسکے" جھکی شاخ کو مورنی کی آنکھوں والی لڑکی پر شدید غصہ آیا اور پھر وہ رونی سی شکل لے کے واپس پیچھے ہو گئی، باقی شاخیں ہوا کے جھونکے سے لہرائیں جیسے اس کی ناکامی کا جشن منایا گیا ہو۔

چل چلیں ویسے بھی اب کیمسٹری کا لیکچر ہے اور سر بلال کو تو موقع چاہئے۔ ساتھ بیٹھی لڑکی نے مورنی کی آنکھوں والی لڑکی سے کہا اور اس کا ہاتھ پکڑتے ہوئے اٹھ گی اب وہ دھپ دھپ سیڑھیا چڑھ رہی تھیں شائد سر آنے والے تھے۔

ایسا کیا ہے جس نے کیا گم صم اس قدر
ہو گئی بیگانی وہ جو دنیا سے اس قدر
وہ جو ہنستی تھی لوگ کہتے اس قدر
مگر اب اداس ہے وہ کیوں اس قدر

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اسلام علیکم! مورنی کی آنکھوں والی لڑکی نے گھر میں داخل ہوتے ہے سلام کیا تھا۔ کالے رنگ کے بستے کو جو اس نے ایک کندھے پر لٹکایا ہوا تھا اتار کر ساتھ رکھے صوفے پر رکھ دیا۔ اب وہ ادھر ادھر نگاہیں

Posted On Kitab Nagri

دوڑا رہی تھیں کیوں کہ ابھی تک امی نے سلام کا جواب بھی نہ دیا تھا اور وہ خود بھی کہیں نظر نہیں آ رہی تھی۔ ابھی وہ نظریں دوڑانے میں مصروف تھی کہ کچن سے کھٹ پھٹ کی آوازیں اسے سنائی دے گئیں.

اف مطلب امی کچن میں ہیں۔ مورنی کی آنکھوں والی لڑکی بڑبڑاتے ہوئے کچن کہ جانب بڑھ گئی ۔دراصل مورنی کی آنکھوں والی لڑکی ایک گاوں میں رہتی تھی۔اس کے گھر میں اس کے امی، ابو کے علاوہ ایک چھوٹی بہن تھی۔بس اس کا خاندان فقط چار لوگوں کا تھا۔

"کسے معلوم چار خانوں والے دل کے ہوں گے حصے چار ہزار"

مورنی کی آنکھوں والی لڑکی کا نام دعا صفدر تھا۔دعا صفدر کے والد صفدر محمود صاحب کوئی امیر تمیر آدمی نہ تھے مگر وہ بہت غریب بھی نہ تھے۔عام انسانوں کی طرح ان کی زندگی بہت خوب گزر رہی تھی اور وہ اکثر اپنی دونوں بیٹیوں کو دیکھ کر مسکراتے رہتے جیسے بہت دل سے اللہ کا شکر ادا کرتے ہوں ۔صفدر محمود ایک نرسری کے مالک تھے اور گھر اور گاڑی دونوں دستیاب تھے۔

ہماری مورنی کی آنکھوں والی کچن میں پہنچ چکی ہے۔اموووا اتنی گرمی میں یہاں کیا کر رہی ہیں۔دعا نے امی کو پیچھے سے پکڑتے ہو پوچھا۔امی بیسن پہ جھکی سبز مرچیں دھو رہی تھیں۔شائد نہیں یقیناوہ کسی کی میزبانی کی تیاری کر رہی تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ نہیں بیٹا وہ آج تیرے ماموں لوگ آرہے ہیں نہ بس اسی کی تیاری میں مصروف ہوں۔امی نے مرچوں کو کاٹتے ہوئے کہا۔ چلو جی ان لوگوں کو بھی بس ٹورے پھیرے کی پڑی ہوتی ہے۔مورنی کی آنکھوں والی نے گاجر کو کترتے ہوئے کہا۔امی نے فورا اسے گھوری ڈالی جیسے کہ رہی ہو" خبر دار میرے بھائیوں کے بارے میں کچھ کہا تو"

میں تو ان کے فائدے کا ہی سوچ رہی ہوں، کہاں گرمی مرتے ہوئے آئیں گے اور پھر راحیلہ ممانی آتے ساتھ کہیں گی"یہ کون سا اے سی ہے ٹھنڈک ہی نہیں بلکل بھی، کس کمپنی کا ہے،میں نے ابھی اپنا بدلوایا ہے تم لوگ بھی وہی لگوالو۔ساتھ مورنی آنکھیں ایسے گھماتی تھی کہ

"دیکھنے والا بنانے والے کی تخلیق کو سراہے بغیر نہ رہ سکے"

کون کہتا ہے

دعا وہ مامی ہیں تیری ایسے نقل مت اتارا کر بیٹا۔امی نے پیازوں کو کاٹتے ہوئے کہا۔دعا اپنی پہلی گاجر کتر چکی تھی اب دوسری گاجر کو پکڑنے کو تھی جب امی نے اس کے ہاتھ پہ الٹی چھری ماری۔دعا نے بلک کے ہاتھ پیچھے کھینچا،ماتھے پہ شکنیں پڑی، آنکھیں ایسے کر لیں جیسے سڑک پر بھیک مانگتا ہوا بچہ کرتا ہے جب اسے گاڑی والا اچھا بھلا امیر بھی دس روپے نہ دے۔

Posted On Kitab Nagri

امی آپ نے کسی دن ہاتھ کاٹ دینے ہیں میرے، ہاتھ مسلتے ہوئے کہا گیا۔ حرکتیں ہی ایسی ہیں بنا کاٹے گزارہ بھی نہیں۔ امی اب پیازیں دیگچی میں ڈال رہی تھیں، کچن میں چھن چھن کی آواز کے ساتھ ہلکی سی خوشبو پھیل گئی تھی۔

ہاں ہاں، پتہ ہے مجھے کونسے بدلے لے رہی ہیں، دعا نے امی کی طرف رونی شکل بناتے ہوئے کہا، سچ تھا امی کو اس پہ غصہ تھا کیونکہ جو بیدہ بیگم کو ذرا نہیں برداشت کوئی اس کے بھائیوں کو کچھ کہے۔

چل جا وردی بدل لے، نہ ہاتھ منہ دھوئے ہوگی شروع، کوئی تمیز نہیں، کوئی سلیقہ نہیں، یہ نہیں کہ امی کے ساتھ ہاتھ ہی بٹا دوں، بس زبان چلوا لو میڈم سے، امی نے دیگچی اب کچھ ڈال رہی تھیں۔

امی جا رہی ہوں، بس کریں، ابھی ہاری تھکی آئی ہوں آپ کام پہ لگا دیں، دعا بڑبڑاتے ہوئے کچن سے باہر نکل گئی۔ اس کا رخ سیڑھیوں کی جانب تھا۔ کچھ دیر بعد__

ماموں لوگ آ چکے تھے۔ وہ سب لاؤنج میں بیٹھے تھے۔ امی ہنستے ہوئے انھیں چائے دے رہی تھی۔ امی کے منہ کی مسکراہٹ دیکھنے والی ہوتی جب اس کے بھائی آتے تھے وہ ایسے ہی خوش ہوتی تھیں۔ ذرا دیر کو بھی مسکراہٹ چہرے سے جدا نہ ہوتی تھی۔ چہرے کی چمک ایسی ہوتے جیسے برسوں سے ڈھونڈنے والے کو خزانہ مل گیا ہو، جیسے طبیب کو کسی مرض کی دوا مل گئ ہو، جیسے کسی عاشق نے اپنے محبوب کی اک جھلک دیکھ لی ہو، جیسے مرنے والے کو زندگی ملی ہو۔ امی اپنے بھائیوں سے بہت محبت کرتی تھیں

Posted On Kitab Nagri

۔ کبھی کبھی تو مورنی آنکھیں جلنے لگتی ان کی اس قدر محبت سے اور پھر خدا کا شکر ادا کرتی کہ اس کا کوئی بھائی نہیں تھا ورنہ پتہ نہیں وہ بھی ساری زندگی سیوا ہی کرتی رہتی۔

خیر امی ان سب کو چاے سرو کر چکی تھیں، جو بیدہ بیگم بار بار اوپر کی جانب دیکھتی تھی۔ان کی شہزادی جو نہیں آئیں تھی ابھی تک سلام کرنے۔ اللہ جانے کتنی سلواتیں وہ دل ہی دل میں دعا کو دے چکی تھیں۔ آپا دعا کہاں ہے نظر نہیں آئی۔ماموسعید نے پوچھا جو جو بیدہ بیگم کے لاڈلے اور سب سے چھوٹے بھائی تھے۔ دراصل جو بیدہ تین بھائیوں کی اکلوتی بہن تھیں۔امجد اور مجید جو بیدہ بیگم کے بڑے بھائی تھے اور سعید اس سے چھوٹا تھا اور اسے سب سے پیارا بھی تھا۔

وہ ابھی آئی ہے کالج سے ذرا فریش ہونے گئی ہے، بس آتی ہو گی۔ماموں نے مسکرا کر بسکٹ اٹھایا اور باقی سب کی سوال کرتی نگاہوں کو قرار نصیب ہوا۔ قرار دعا کے ہوتے ہوئے اس کی ماں کو تو کم از کم نصیب نہیں ہو سکتا۔ تقریباً سینتیس سیڑھیاں پھلانگ کے دائیں جانب نظر آنے والے کمرے کے ادھ کھلے دروازے سے جھانکو تو مورنی آنکھیں موبائل پہ گڑی ہوئی ہیں۔

اگر تم غور کرو تو دیکھ پاو کہ مورنی نک سک سی تیار بیٹھی ہے۔ سبز جوڑے میں ملبوس ہماری مورنی کسی آفت سے کم نہیں لگ رہی۔ مورنی آنکھیں موبائل پہ کچھ پڑھنے میں مصروف ہیں۔ شائد کوئی میسج ہے کیونکہ آفت اب مسکرا رہی ہے، اب وہ اپنی مخروطی، لمبے ناخن والی انگلیوں سے جن پہ ناخن پالش کے کئی شیڈ لگائے گئے ہیں کچھ ٹائپ کر رہی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

دعا کی مورنی آنکھیں، گھنی پلکیں، تیکھا، کھڑا ناک، اور باریک ہونٹ اسکی اداوں میں اہم کردار ادا کرتے تھے۔مورنی آنکھیں بار بار دروازے کی طرف اٹھتی تھیں، ظاہر ہماری مورنی انتظار کر رہی ہے کہ والدہ ماجدہ آئیں اور اسے باہر آنے کی دعوت دے کے جائیں۔ اتنے میں دھڑام کی آواز سے دروازہ کھلتا ہے۔امی اندر داخل ہوتے ہوئے اللہ جانے کتنی دعائیں دعا کے نام کرتی ہیں۔

مورنی گھبرا کے بیڈ سے اٹھی، موبائل غریب کا گرتے گرتے بچا۔ابھی تو کل اس کا موبائل ہاتھ سے چھوٹا تھا اور پھر پورے ساتھ ہزار میں اس نے پینل پڑوایا تھا۔ہماری غموں کی ماری غریب مورنی، تم مجھے بتادو اصل میں چاہتی کیا ہو؟ سوال کیا گیا

آپ کو ہمیشہ خوش دیکھنا چاہتی ہوں بس اتنی سی خواہش ہے میری تو،اسی معصومیت سے جواب دیا گیا ۔اور بس اب یہاں جو بیدہ بیگم کی بس ہو گئ۔امی کی آنکھیں شعلہ کی طرح دہکنے لگیں۔

میں سمجھتی ہوں تمہاری سب خواہشیں۔امی نے جھکے ہوئے چہرے کی طرف غصے سے دیکھتے ہوئے کہا

۔بس آپ ہی تو ہیں اس ظالم دنیا میں جو مجھے ہی نہیں میری خواہشوں کو بھی بن کہے جان جاتی ہیں ۔ایک اور معصوم دلیل دی گئ۔

نہ تم یہ بتاؤ تمہیں کیا نیچے دیکھنے آیا ہے کوئی جو یہ اتنا سنگھار کر کے بیٹھی ہو۔اس کا میک اپ تو امی کو دکھا ہی اب تھا۔امی وہ میرے ماموں ہیں کیا کہیں گے منہ اٹھا کے ایسے ہی آجاتی ہے۔انھیں لگے گا میں خوش نہیں ہوئی ان کے آنے سے ،بس اسی لئے آپکی خوشی کو مد نظر رکھتے ہوئے ذرا سا بیس لگایا ہے

Posted On Kitab Nagri

۔امی نے ایک نظر اسے اوپر سے نیچے تک دیکھا۔ذرادیر کر کو توامی بھی سحر زدہ ہوئیں۔غصہ قدرے کم ہوا۔کم بخت دلیل ہی ایسی دیتی تھی، بلکہ وضاحتیں پیش کرتی تھی۔

ٹھیک ہے مگر ذرا یہ سرخی کم کروا اچھا نہیں لگتا۔امی نے اب کے قدرے دھیمے لہجے میں کہا۔اور بس ہو گئ مورنی روہانسی،امی اللہ کی قسم ابھی میں نے ذرا سی ہی لگائی ہے۔کچھ بھی ہو جائے دعا کی لپسٹک کم نہیں ہو سکتی۔آنکھیں ٹمٹماتے ہوئے صاف بتایا گیا کہ "دعا ملنے جائے گی تو سرخی نہیں ہٹائے گی"۔

ہمارے زمانے میں لڑکیاں شرم کے مارے سرمہ نہیں لگاتی تھیں، ہم تو کبھی اپنے بھائیوں کے سامنے سرخی لگا کے نہیں گئے۔آج کل کی لڑکیوں کا تو اللہ حافظ ہے۔امی کہتے کہتے کمرے سے باہر نکل گئیں مگر دروازہ سارا کھول گئیں۔

"مطلب صاف تھا میرے پیچھے پیچھے آو"۔

ہماری مورنی بھی پھر چل دیں پیچھے پیچھے، مگر ایک بار اور لپسٹک ٹھیک کرنا نہ بھولیں۔

اسلام علیکم ورحمتلہ وبرکتہ !مطلب مورنی لاونج میں پہنچ چکی ہیں۔مورنی کا ایک ہی مطالبہ ہے جہاں وہ ہو وہاں کسی اور شے کو ترجیح دینا گناہ ہے۔ محفل ہر شخص کی نظر فقط دعا پہ ہو۔لوگ اس کی خوبصورتی کے قصیدے پڑھیں،اس کی آنکھوں کی جھپک میں کھو جائیں،اس کو دیکھنے والے سحر زدہ ہو جائیں۔

وعلیکم السلام بیٹا!کئ آوازیں ایک ساتھ آئیں تھیں۔جن میں ماموں اور ممانی کے بیٹا کہنے کی آوازیں تھیں لیکن ایک آواز ماموکے ساتھ بیٹھے طلحہ کی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

طلحہ دعا کے تایا کا بیٹا تھا۔ طلحہ صفدر صاحب کے بڑے بھائی اختر محمود کی پہلی بیوی سے ہونے والی اکلوتی اولاد تھی ۔اختر صاحب کی پہلی بیوی طلحہ کی پیدائش کے وقت ہی دنیا فانی سے کوچ کر گئیں ۔اختر صاحب فوج کی نوکری کے ساتھ ساتھ کم از کم طلحہ کی پرورش تو نہیں کر سکتے تھے۔ایسے میں جو راستہ بچتا تھا وہ ایک ہی تھا دوسری شادی۔ جس سے طلحہ کو ماں مل جاتی۔ گھر کو مالکن اور اختر صاحب کو بیگم ،طلحہ کی پیدائش اور اسکی ماں کی وفات کے چند دن بعد ہی اختر صاحب نے شادی کر لی تھی۔

دراصل طلحہ کے ابو فوج میں تھے ،ریٹائرمنٹ کے وقت انھیں حکومت کی جانب سے لاہور میں ایک بنگلہ برائے تحفہ دیا گیا تھا۔اس لیئے وہ لوگ گاوں چھوڑ کر لاہور چلے گئے۔چونکہ دعا کے ماموں لاہور کے رہنے والے تھے اس لئے وہ جب بھی گاوں آتے طلحہ بھی ان کے ساتھ آجاتا۔

ماشااللہ! "اللہ نظر بد سے بچائے ہماری بیٹی کو "ماموسعید، مجید اور امجد نے اسے پیار دیتے ہوئے کہا مورنی آنکھیں تینوں ماموں سے پیار لینے کے بعد تمام مہمانوں پر نظر ثانی کر رہیں تھیں۔

مورنی اب مامی کی جانب بڑھ رہی تھیں۔ خدا ہی جانے ہماری مورنی کو راحیلہ خاتون سے کون سا بیر پڑ گیا تھا۔

کیسی ہیں مامی جان؟ ذرا نزاکت سے سوال کیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ممانی جو کہ سرخ رنگ کے کامدار جوڑے میں ملبوس تھیں دعا کے طنز کو سمجھتے ہوئے گال بھی ذرا غصے سے لال ہو گئے۔ تینوں ماموں سیٹر صوفے پہ بیٹھے تھے۔ ممانی ان سے قدرے فاصلے پہ سنگل صوفے پر براجمان تھیں۔

اللہ کا شکر ہے بیٹا۔ آپ سنائیں کیسی ہیں۔ کیا چل رہا ہے آج کل۔ ممانی دعا کی طرف مصنوعی مسکراہٹ اچھالتے ہوئے بولیں۔

مورنی کو ہمیشہ کی طرح انتظار تھا ممانی اس کی تعریف کریں گئیں، کچھ تو کہیں گئیں وہ دعا کی شان میں، شائد ایک آدھ لفظ تو کہیں گی۔

مگر ممانی بھی ممانی تھی۔ پورے خاندان میں دعا کی آنکھیں مشہور تھیں۔ خوبصورتی اس کے چہرے پہ ختم ہوتی تھیں۔ مگر راحیلہ وہ واحد عورت تھی جس نے دعا کی خوبصورتی سمیت کبھی اس کے کپڑوں کی بھی تعریف نہیں کی تھیں۔ بس یہی بات دعا کو آگ لگانے کے لئے کافی ہوتی۔

جو لوگ توجہ لینے عادی ہوں انھیں وہ لوگ بلکل نہیں بھاتے جو ان کی ذات کو نظر انداز کر دیں۔ ایسے لوگوں کو فقط وہی انسان خوشی دیتے ہیں جو ان کے قصیدے بھی پڑھتے ہوں مگر ہاں ذرا فاصلے بھی رکھتے ہوں۔

اسلام علیکم

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Kitab Nagri

www.kitabnagri.com

کیونکہ چیکو لوگوں سے توجہ کھینچنے والوں کو کوفت سی ہونے لگتی ہے۔ یہ تعریف چاہتے مگر انھیں انتظار ہوتا ہے راحیلہ جیسے لوگوں کے منہ سے فقط چند الفاظ سننے کا، جو انھیں مسرت دیتا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

خیر اب ہم راحیلہ ممانی کے سامنے میز کے اس پار بیٹھے شخص کو دیکھیں تو معلوم ہو گا کہ وہ پچھلے پندرہ منٹ سے صرف دعا کو گھورنے میں مصروف ہے۔ دعا ٹانگ پہ ٹانگ چڑھائے ممانی کے ساتھ والے صوفے پر بڑے اسحاق سے براجمان ہے۔

کیا تمہیں لگتا ہے کہ اسے معلوم نہیں کہ طلحہ صاحب اسے گھر رہے ہیں۔

اوں ہوں وہ سوچ رہی ہے کہ طلحہ یہاں تاڑنے ہی اسے آتا ہے۔

مورنی آنکھیں ذرا سی گھومتی ہیں اور طلحہ کو اپنی جانب دیکھتے پا کر واپس راحیلہ ممانی کی طرف کسی انجانے موضوع کا حصہ بن جاتی ہیں۔ ماموں اب مورنی سے کچھ کہہ رہے تھے، جس پر وہ دل سے مسکرا رہی تھی۔

"چلیں بہت ہو گئی باتیں شاتیں، کھانا لگ چکا سب آجائیں"۔

جو بیدہ خاتون نے لاؤنج میں داخل ہوتے ہوئے کہا۔ سب اٹھ کے جو بیدہ بیگم کے پیچھے چلے گئے۔ مگر طلحہ وہیں بیٹھا تھا اور دعا اپنا دوپٹہ ٹھیک کر کے جانے ہی والی تھی جب طلحہ کی آواز نے اس کے بڑھتے قدموں کو زنجیر کیا۔

"اب اور نہیں رہا جاتا، شادی نہ صحیح کم از کم سگائی تو ہونی ہی چاہیے" ذرا سا شرما کر بتایا گیا یا پھر پوچھا گیا یہ فیصلہ کرنا مشکل ہے۔ اچھا جی، مورنی کرنٹ کھا کے پلٹی، مورنی آنکھیں کبوتر کی آنکھوں کی آنکھوں کی مانند چھوٹی ہوئیں۔

Posted On Kitab Nagri

جی، طلحہ نے ہاتھ سے بالوں کو درست کرتے ہوئے کہا۔ تو کروالیں کس نے روکا ہے، میرے مشورے کی ضرورت تمہیں کب سے پڑنے لگی۔ بالوں کو نزاکت سے پیچھے اڑستے ہوئے بتایا گیا۔ جب سے دل کو تیرے ساتھ کی چاہ لگی ہے۔ طلحہ نے منہ ہی منہ میں بڑبڑایا۔

جی، دعا نے قدرے حیرانگی سے پوچھا۔ چہرہ ذرا آگے کیا۔ کچھ نہیں بس ایسے ہی، طلحہ نے جوتے کی نوک سے فرش کو رگڑتے ہوئے کہا۔

"دیکھو طلحہ میں سب سمجھتی ہوں تمہارا یہ کچھ نہیں"، مورنی آنکھیں ساتھ ساتھ گھماتی تھی جیسے زبان سے کم آنکھوں کے اشارے سے زیادہ سمجھا رہی ہو۔ طلحہ ویسے ہی کھڑا بنا پلکیں جھپکائے ایک نظر یک ٹک سا اسے تکے جا رہا تھا۔

دیکھنے والے کو یہی لگے جیسے بچہ استاد سے الجبرا سمجھ رہا ہو۔

وہ بول رہی تھی اور وہ سن رہا تھا یا پھر مسحور سا اسے فقط دیکھ رہا تھا۔

"بہتر ہے کوئی اور ڈھونڈ لو، میں نے کبھی تمہیں کوئی لارے نہیں لگائے، کبھی تم سے کوئی ایسی ویسی بات نہیں کی، وقت ہے پلٹ جاو۔ وہ اب بھی دیکھ رہا تھا جیسے جو چاہو کہو مجھے فرق نہیں پڑتا۔ وہ مسلسل بول رہی تھی۔ "ان راہوں میں وہ کانٹے ہیں جو دیکھنے میں سرخ پھول لگتے ہیں مگر چھونے پر لہو لہو کر دیتے ہیں"۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

طلحہ کا سحر ٹوٹا، اک پل کو دل میں درد کی ٹھیسیں بھی اٹھی، آنکھوں کا گہرا ابھورا رنگ سیاہ سا ہوا۔ ہاتھوں کو پینٹ کی جیبوں سے کھینچ کے بہار نکالا، کالی شرٹ پر بندھی کالی ٹائی کی ناٹ جھنجھلا کے قدرے ڈھیلی کی، اس وقت میں بھی اس کی نظر فقط دعا پر تھیں۔ دعا بائیں ہاتھ کی تیسری انگلی میں پہنی انگوٹھی کو کبھی گھمانے لگ جاتی، کبھی نکال کے واپس پہنتی۔

کبھی انگوٹھی کو دیکھتی کبھی طلحہ کے بدلے ہو گندمی رنگت کو دیکھتی، جو ہلکی ہلکی سرخ ہو گئی تھی۔ کئی لمحے سرک گئے، کئی حرف الفاظ بن کہے رہ گئے، مگر آنکھیں حال دل کا کرتی رہی بیاں۔ ان دونوں کے درمیان میز تھا، وہ ذرا سی دوری پر تھے، دیکھو تو بہت قریب تھے، سمجھو فاصلہ اس قدر کہ مسافت طے نہ ہو مسافر تھک جائے۔

دعا کا چہرہ بلکل ایسا تاریک ہوا جیسے کالج میں بیٹھی لڑکی کا تھا۔ طلحہ میز کے اس پار سے نکل کر دعا کی اوڑ بڑھا، دعا یونہی کھڑی رہی، گردن اکڑائی، طلحہ اس کے قریب آیا بہت قریب مگر ایک افسوس بھری نگاہ ڈال کے باہر نکل گیا۔ ایک لمبا سانس لیا، سینے پہ ہاتھ رکھا ایک لمبا سانس اند کھینچا۔ مورنی آنکھیں ریلیکس ہوئیں۔ انگھوٹی ٹھیک کی جو بیچ انگلی میں پچھلے پانچ منٹ سے الٹی سلٹی گھما کے چھوڑ رکھی تھی۔ "اف اللہ، پتہ نہیں کیا چاہتا ہے۔ ڈرا ہی دیا مجھے، خیر ڈرتی تو میں اپنی امی کے سوا کسی باپ سے بھی نہیں"۔ خود کو یقین دہانی کرائی گئی۔

خیر آج مورنی آنکھوں ک چھوڑو مورنی زبان نے بھی کمال کر دیا۔

Posted On Kitab Nagri

اوہ میرے خدایا، کیا ڈائیلاگ مارے ہیں۔ مورنی آنکھیں خوشی سی چمک اٹھیں۔ لگتا ہے امبر گیلانی کا اثر ہو ہی گیا۔ کمبخت پتہ نہیں کہاں سے الفاظ لاتی ہے۔ مورنی کہتے ہوئے سیڑھیوں کی جانب بڑھنے لگی۔ کون کہتا ہے کہ یہ وہی لڑکی تھی جو صبح اداس بیٹھی تھی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

آپی آپ کو پتہ ہے دعا آج اداس تھی۔ سفید قمیض شلوار پہنے ہوئے، سر پر گہرے نیلے رنگ کا دوپٹہ اوڑھے ہوئے یہ امبر گیلانی تھی۔

جو لان میں بیٹھی چائے پی رہی تھیں ساتھ ساتھ اپنی بڑی بہن کنزہ گیلانی سے باتوں میں مگن تھی۔ کیوں ایسا کیا ہوا۔ تم تو کہتی تھی دعا بہت چل لڑکی ہے۔ وہ کبھی اداس نہیں ہوتی۔ کیاری میں کھرپی سے گوڈی کرتی لڑکی نے بتائی گئی معلومات کی بنیاد پر سوال پوچھا۔ اس کی پیٹھ امبر کی جانب تھی ،وہ جس مہارت سے گوڈی کر رہی تھی باغبانی کی شوقین لگتی تھی۔

ہوتی تو نہیں ہے مگر آج تھی، چائے کی چسکی بھرتے ہوئے کہا۔

اچھا تم نے پوچھا نہیں، گوڈی کرنے والی لڑکی نے پھر پوچھا۔

امبر نے جوتے نکالے، ٹانگوں سامنے رکھے میز پر رکھیں، ذرا سنبھل کے بیٹھی اور گونٹ چائے کا بھرا مطلب اب بولنے کو تیار ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ جب بھی بحث کے موڈ میں ہوتی پہلے سنبھل کے بیٹھتی، پھر بات شروع کرتی۔"پوچھا تھا"۔ مختصر جواب مطلب صاف سوال وجواب کے مشغلے کا وقت ہوا چاہتا ہے۔

گوڈی کرتے ہاتھ رکے، کنزہ گیلانی نے ذرا سا پیچھے موڑ کے دیکھا۔گلابی کپڑوں پر گلابی دوپٹہ تھا۔دوپٹہ سر سے سرک گیا۔سیاہ گھنے بال ڈھلتے سورج کی نارنجی روشنی میں چمکنے لگے۔اسے معلوم تھا اس کی بہن اس موضوع پر طویل گفتگو چاہتی ہے۔

"مختصر جواب مطلب گفتگو طویل "گلابی کپڑوں والی منہ میں بڑبڑای، اس کا حساب بھی دنیا سے ہٹ کے ہی ہے۔تو پھر کچھ بتایا۔وہ بھی تیار تھی سوال وجواب کے اس مزاحیہ کھیل کو مزید دلچسپ بنانے کے لئے۔

امبر نے چائے کا آخری گھونٹ بھرا، ذرا سی آگے کو جھکی خالی کپ میز پر رکھا اور ایک گہرا سانس لیا۔"ایک بار پوچھا تھا"۔ سفید کپڑوں والی لڑکی نے گلابی کپڑوں والی لڑکی کی پیٹھ کو دیکھتے ہوئے کہا۔سیاہ بالوں والی لڑکی کو اس کی آواز بنا کسی کمیونیکیشن پرابلم کے سنائی دے رہی تھی۔"تم اسرار کرتی وہ ضرور بتادیتی"۔ تجویز دی گئی، کیاری میں موجود کئی رنگ ونسل سے تعلق رکھنے والے پودے لہلہائے۔جیسے اسکی تجویز پسند آئی ہو۔

"اس کا اور میرا رشتہ اسرار والا ہے ہی نہیں تو کیسے کرتیں"۔ دلیل دی گئی یا پھر تجویز رد کی گئی کچھ بھی کہنا مشکل ہے۔

Posted On Kitab Nagri

امبر آنکھیں یونہی ایک نقطے پر مرکوز تھیں۔

"تم کہنا چاہتی دوستی میں اسرار نہیں کیا جاتا"۔

کیاری سے فالتو جڑی بوٹیاں کو باہر رکھتے ہوئے کہا، جو گوڈی کر کے نکالی تھیں۔"میرا ماننا ہے کہ دوستوں کو بتادینا چاہیے۔ پھر کم از کم پوچھنے پر تو لازمی بتادینا چاہیے"۔

انگلیوں کو ایک دوسری میں پھنسائے ہوئے وہ یونہی بیٹھی تھی، نظریں اب بھی گلابی کپڑوں والی لڑکی کی پیٹھ کی جانب تھیں۔اگر تم ذرا سا غور کرو تو گلابی کپڑوں والی لڑکی کی ہیزل آنکھیں چمکی تھیں، گول چھوٹے ہونٹ مسکراہٹ میں ڈھلے تھے۔مطلب بحث مزید دلچسپ ہونے والی تھی۔

"اور تمہیں کیوں لگتا ہے کہ دوستوں کو بغیر پوچھے بھی بتادینا چاہیے"۔ہاتھوں سے گلاب کے پودے کو چھوا، شائد پیار سے چھوا تھا۔کیونکہ پودہ کھرپی لگنے سے ذرا سا زخمی ہوا تھا۔دوستی کیوں کی جاتی ہے؟ امبر نے امبر آنکھوں کا زاویہ بدلتے ہوئے کہا۔

کنزہ مسلسل گھاس نکالتی رہی۔اس کی جانب سے کوئی جواب نا آیا

مطلب صاف تھا،بہن میں تو دوستیاں کرتی نہیں تو تم ہی بتا سکتی ہو۔امبر آنکھیں پھر ایک نقطے پر ٹک گئیں، اللہ جانے یہ لڑکی اس عمر میں تجزیہ نگاروں کی طرح کیوں سوچنے لگ جاتی ہے۔ہم دوستیاں

Posted On Kitab Nagri

کرتے ہیں کیونکہ ہم سب کو ایک ایسے انسان کی ضرورت ہوتی ہے جو ہمیں سن سکے۔سانس کا وقفہ یا پھر اس کی عادت تھی قدرے ٹھیر کے بولنے کی۔۔۔۔

کنزہ تقریبا کیاری کو صاف کر چکی تھی۔وہ تیز تیز ہاتھ چلاتے ہوئے کسی ماہر باغبان کی طرح پودے کو ایک ہاتھ سے پکڑتی دوسرے ہاتھ میں مضبوطی سے تھامی کھرپی سے پودے کے ارد گرد سے اگی ہوئی جڑی بوٹیوں کو کھودتی مگر اس سارے عمل میں وہ امبر کی باتوں کو پوری توجہ سے سن رہی تھی۔

"انسان کو کبھی بھی اپنے دوست سے یہ نہیں چاہئے ہوتا کہ وہ اسے سمجھے،دلاسے دے،جب وہ ٹوٹ رہا ہو تو اسے آگے بڑھنے کے مشورے دے"۔

"اوں ہوں بلکل بھی"۔گردن ناں میں ہلائی،انگلیاں اب بھی ویسے ہی ایک دوسری میں پھنسائی ہوئی تھیں۔

کنزہ کے گوڈی کرتے ہاتھ رکے۔کان آگے سننے کو بیتاب ہوئے،ہیزل آنکھوں نے غور سے امبر آنکھوں کی طرف دیکھا۔

امبر آنکھیں ہمیشہ کی طرح کسی غیر مرئی نقطے پر مرکوز تھیں۔

"تو دوستوں سے اور کیا چاہئے،کیا مصیبت میں کام آنے کو دوستی نہیں کہتے امبر"؟ کنزہ متجسس ہوئی ،ہوا کا ہلکہ سا جھونکا آیا اور گزر گیا مگر کنزہ کی سیاہ ذلفیں چہرے پر لڑھک گیئں۔آپی ضروری نہیں

Posted On Kitab Nagri

مصیبت میں دوست ہی کام آئے۔ جو کہتے ہیں مصیبت میں دوست کام آتے ہیں غلط کہتے ہیں۔ آنکھوں کارخ کنزہ کی طرف کیا۔

"میرے نزدیک ہر وہ شخص جو مصیبت میں کام آئے وہ محسن ہے"۔

یہ ایک الگ بات ہے کہ کام آنے والا دوست ہو یا پھر کوئی بھی شخص ہو سکتا ہے۔اب جن کو ہم پرسنلی جانتے ہیں انھیں دوست کہ دیتے ہیں اور جن سے انجان ہوں وہ محسن کہلاتے ہیں۔اگر دیکھا جائے تو ہوتے دونوں ہی محسن ہیں"

۔وہ خاموش ہوئی، لمبا سا سانس بھرا، پاوں میز سے نیچے لٹکائے اور پھر کنزہ کی اوڑ دیکھا۔

تو تمہارے نزدیک دوستی کیا ہوئی؟ ہیزل آنکھوں والی لڑکی نے اٹھتے ہوئے کہا۔"میرے نزدیک دوستی ایک ایسے انسان کے ساتھ کو کہتے جو تمہیں سمجھتا نہ ہو، چاہے تمہاری ایک بھی نہ سنتا ہو، مان لو تمہاری اس سے بلکل بھی نہ بنتی ہو۔" امبر آنکھیں ہیزل آنکھوں کی جانب دیکھ رہی تھیں۔ ہیزل آنکھوں والی لڑکی ہاتھ میں کھرپی لیے کرسی کی جانب بڑھ رہی تھی۔

مگر جب تم مصیبت میں ہو تو تمہیں جس ایک شخص کا خیال آئے، جس ایک شخص کو تمہارا دل پکارے، جس ایک شخص کی گارنٹی تمہارا دماغ دے کہ ہاں اس کو مجھے بتانا ہے۔ جب تم بولنا چاہو اور تمہیں ضرورت ہو کسی ایسے شخص کی جو فقط تمہیں سن سکے، تمہارے مسلوں کو بھلےئں وہ فکس کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو مگر بس تم بغیر کسی ججمنٹ کے سنے کی قوت رکھتا ہو۔ جو ہر دوسری بات پہ یہ نہ کہے

Posted On Kitab Nagri

تمہیں ایسے نہیں ایسے کرنا چاہئے تھا۔ یہ تو تم نے غلط کر دیا، اب کیا ہو گا، تمہیں اتنا بھی نہیں پتہ، یار تم پوچھ تو لیتے فلاں فلاں مشورے نہ دیتا ہو اب صرف ایک لفظ کہنے کا ظرف رکھتا ہو "کچھ نہیں ہوتا"

it's okay. every thing will be fine.

ہیزل آنکھوں والی لڑکی ساری دنیا سے بے نیاز امبر آنکھوں والی لڑکی کو سن رہی تھی۔ اس نے کب کرسی کھینچی، کب بیٹھی یہ تو شاید اسے خود بھی معلوم نہیں تھا کیونکہ اس کا دوپٹہ اب بھی گلے میں تھا جو آدھے سے زیادہ کرسی سے نیچے لٹک رہا تھا۔ کھرپی اس کے ہاتھ میں تھی۔ شاید وہ رکھنا بھول گئ تھی یا پھر امبر کی باتوں نے یاد ہی نہ رہنے دیا۔ "جو فقط ایک تسلی دینی کی ہمت رکھتا ہو"۔ ہاتھ سے دوپٹہ ٹھیک کیا۔ صد شکر کہ انگلیوں کی جان چھوڑی، ورنہ تو کمبخت مروڑ کے ہی دم لیتی۔

"ایک تسلی کہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔" امبر خاموش ہوئی۔ ایک لمبا اور گہرا سانس لیا۔ ذرا دیر تک اس کی آواز کا جادو چھایا رہا، چند لمحوں تک ماحول سحر زدہ سا رہا، کئ پرندے جو کافی دیر سے بیٹھے تھے اڑنے لگے، لگتا تھا وہ بھی مصروف تھے تجزیہ نگار کے تجزیوں کو سننے میں، پر ایسے پھڑ پھڑائے جیسے امبر کا خاموش ہونا انھیں بلکل بھی پسند نہ آیا ہو۔

کنزہ یک ٹک سی اسے دیکھ رہی تھی۔ شائد وہ کچھ اور بھی سنا چاہتی تھی۔ کوئی ایسی بات جو ادھوری رہ گئی یا پھر خلاصہ جاننا چاہتی تھی۔ ضروری ہے بتانا۔ امبر آنکھوں والی کلاسک امبر گیلانی نے ہیزل آنکھوں والی لڑکی سے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

لازمی ہے۔ میں سننا چاہوں گی۔ ہیزل آنکھوں والی لڑکی نے کھرپی کو نیچے رکھتے ہوئے ترنت جواب دیا۔

امبر آنکھیں مسکرائیں اس سارے دورانئے میں وہ اب مسکرائی تھی۔ خدا جانے کون سا بل ادا کرنا پڑتا ہے جو سوچ سوچ کے مسکراتی ہے۔ تو سنو امبر قدرے آگے کو جھکی۔ کنزہ ذرا متجسس ہوئی۔

محسن اپنے احسان کا بدلہ مانگ سکتا ہے۔ وہ نہ بھی مانگے تو ہمیں کبھی نہ کبھی اس کے احسانات کا بدلہ اتارنا ہی ہوتا ہے۔ یا پھر اللہ ہم پر وہ وقت لاتا ہے جب ہمارا امتحان ہوتا ہے۔ جب ہم محسن کہ جگہ پر ہوتے ہیں اور احسان کرنے والا ہماری جگہ پر ہوتا ہے۔

سانس کا وقفہ یا پھر ذرا ٹھہرنے کی عادت تھی۔ ایسے میں دو چیزیں ہوتی ہیں ایک یا تو اپنے محسن کا احسان اتارو اور پھر سے برابر ہو جاو یا پھر طاقت رکھنے کے باوجود مدد نہ کر کے احسان فراموش ہو کہلاو۔

"یہ تم پہ انحصار کرتا ہی کہ تم کس چیز کو فوقیت دیتے ہو"۔ نگاہیں کپ پر مرکوز تھی۔ سورج ڈھل چکا تھا۔ ایک آدھ ہلکی نارنجی شعاعیں باقی تھیں۔ جو کپ کے ہلکے جامنی رنگ پر بکھر رہی تھیں۔

اور دوستیی کا نظریہ تمہارے نزدیک کیا ہے امبر؟ کنزہ نے ہیزل آنکھوں کی چھوٹی کرتے ہوئے پوچھا ۔ دوپٹہ ابھی بھی آدھے سے زیادہ زمین پر لٹک رہا تھا۔ آوارہ لٹیں چہرے کو یونہی چھو رہی تھیں۔

دوستی میں کچھ بھی احسان جیسا نہیں ہوتا کنزہ۔ دوستی ایک الگ چیز ہے۔ ہم جو دوستی کی بنیاد پر اگر تو مدد کرتے ہیں تو وہ کسی بھی طرح احسان نہیں کہلائے گا۔

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

کیوں، کیوں نہیں کھلائے گا۔ کنزہ نے سوال داغا۔

Posted On Kitab Nagri

کیونکہ ایک دوست کا فرض ہے کہ وہ اپنے دوست کا خیال رکھے اور دوسرے دوست کا حق ہے کہ مشکل میں اس کے عزیز دوست اس کے ساتھ کھڑے ہوں۔ سانس لینے کا وقفہ یا پھر تجزیہ نگاروں کی طرح ٹھیرنا اس کی عادت بن چکا تھا۔ سورج کی چند کرنیں بھی چھپ گئی۔ اندھیرا چھانے لگا۔ دوستی میں ایک کا حق دوسرے کا فرض ہے۔ حق اور فرض دل سے نبھائیں جاتے ہیں۔ ان میں واپسی کا مطالبہ نہیں ہوتا کیا جاتا کنزہ۔

اگر تم واپس کر دو وہی جو تمہیں ملا تو دل خوش ہوتا ہے، مگر نہ بھی کرو تو شکوں کا حق نہیں ہوتا۔ وہ اپنی بات کہ کے خاموش ہوئی۔

کنزہ کی طرف دیکھا۔

ایک چڑیا اب اڑی تھی۔ وہ چہک رہی تھی۔ کیونکہ وہ خوش تھی۔ شائد وہ باقی پرندوں کی طرح جلد مایوس نہیں ہوئی تھی۔ اسے یقین تھا امبر کے بولنے کا اور اس کا یقین کامل آیا۔ جلدی امید چھوڑ دینے والے ان پرندوں کی مانند ہوتے ہیں جو ساری بات سن کے بھی بات نہیں سمجھ سکے۔ کیونکہ وہ بے صبرے تھے جلد اڑ گئے۔ جو ذرا صبر کر جائیں وہ اس ننھی چڑیا کی طرح اصل کو سمجھ لیتے ہیں۔

میں اگری ہوں۔ فسوں ٹوٹا تو کنزہ بولی۔ امبر نے مسکرا کے پلکیں جھپکیں۔ بہت دیر ہو گئ کنزہ۔ چلو ماں کو دیکھیں چل کے، مجھے تو بھوک بھی لگی ہے۔ امبر نے کپ کو اٹھاتے ہوئے کہا۔ کپ پر لگی چائے

Posted On Kitab Nagri

سوکھ چکی تھی۔ کپ کا سفید رنگ ذرا سا زرد دکھتا تھا۔ کنزہ لٹوں کو پیچھے اڑستے ہوئے ہوئے کب سے زمین پر پڑے پلو کو جھاڑا اور امبر کے پیچھے پیچھے چل دی۔

"ایک اور شام ڈھل گئی ایک اور رات گزرنے کو بیتاب ہو گئی۔"

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اللہ حافظ امی میں جا رہی ہوں۔ دعا صفدر دھپ دھپ سیڑھیاں اترتے ہوئے بلند آواز میں بولی۔ کالج کی وردی پہنے، کندھے کالا بیگ لٹکائے وہ بلکل تیار تھی۔

اللہ حافظ ابو! صفدر صاحب ناشتے کے میز پر تشریف فرما تھے۔ اللہ حافظ بیٹا! صفدر صاحب نے دل سے مسکراتے ہوئے کہا۔ جوبیدہ بیگم کچن میں صفدر صاحب کا ناشتہ تیار کر رہی تھیں۔ "ماشاءاللہ دیکھتے دیکھتے ہی کتنی بڑی ہو گئی ہے"۔ صفدر صاحب جوبیدہ بیگم کو دیکھتے ہوئے بولے۔ جو ہاتھ میں ناشتے کی ٹرے پکڑے ہوئے صفدر صاحب کی اور بڑھ رہی تھیں۔

پورے انیس سال ہو گئی ہے۔ میں تو کہتی ہوں بارہویں جماعت کے پیپر ہوتے ساتھ اس کی شادی کر دیں۔ آملیٹ اور توس صفدر صاحب کے سامنے رکھتے ہوئے کہا۔ ابھی سے کہاں جوبیدہ بیگم ابھی تو وہ بہت چھوٹی ہے۔ ابھی تو اس کی یونیورسٹی کی تعلیم بھی رہتی ہے۔ بس کریں صفدر صاحب۔ گھر میں دو دو بیٹیاں ہیں ہمارا کون سا بیٹا ہے جو اگر دیر سویر ہو جائے تو ان کی شادی کے معاملات دیکھ لے۔ اتنا ہی اچھا ہے جتنی جلد ہم اپنے فرض سے سبکدوش ہو جائیں۔ میری شادی اٹھارہ سال کی عمر ہوئی تھی۔ مجھے تو روٹیاں بھی بنانی نہیں آتی تھیں۔ سب یہاں آ کے سیکھا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

جو بیدہ بیگم چائے میں چینی ڈالتے ہوئے تجویزیں دے رہی تھیں۔

دیکھتے ہیں جو بیدہ بیگم، صفدر صاحب نے توس کا ٹکڑا میں رکھتے ہوئے کہا۔ اچھا امجد لوگ رکے نہیں، ذرا کرتے تو میں بھی مل لیتا۔ جو بیدہ بیگم کے بھائیوں کے متعلق پوچھا گیا۔

آپ لیٹ آئے تھے اور انھیں گھر پہنچنا تھا۔ اصل میں امجد اور مجید اکیلے آئے تھے۔ انکی بیوی بچے نہیں آئے۔ شائد بچوں کے امتحان چل رہے ہیں۔

صحیح۔ "مومنہ کہاں ہیں۔ اس کو کل سے دیکھا نہیں۔ مومنہ صفدر کی چھوٹی بیٹی ہے۔ جو نویں جماعت میں گاؤں کے سکول میں زیر تعلیم ہے۔ وہ کل شام اکیڈمی سے ذرا تاخیر سے آئی تھی۔ آج چھٹی ہے اسکی تو بس سو رہی ہے۔ صفدر صاحب ناشتا کر چکے تھے۔ جو بیدہ بیگم نے برتن سمیٹتے ہوئے بتایا۔

کالج میں آو تو مورنی کی آنکھوں والی لڑکی پہنچ چکی تھی۔ اب وہ کالج کے گیٹ سے ذرا سے فاصلے ہر کھڑی چکر کاٹ کر رہی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چوکیدار نے کئی مرتبہ اسے گھورا بھی، جیسے کہ رہا ہو بی بی رک جا کہ سو چکر پورے کر کہ ہی دم لے گئی۔ اس کی کلاس کئی اکثر لڑکیاں اس کو سلام کرتیں اور گزر جاتی۔ اکثر لڑکیاں اس کو شک کی نگاہوں سے دیکھتیں اور اگر دو چار ہوتیں تو ان کا گوسپ کا موضوع دعا ہوتی۔ دعا ہاتھ میں بندھی سیاہ رنگ کی گھڑی کو دیکھ رہی تھی۔ جب پیچھے سے کسی نے اس کی آنکھوں پہ ہاتھ رکھا۔

"دفع ہو جاو تم، پچھلے آدھے گھنٹے سے یہاں کھڑی ہوں"۔ دعا نے امبر کے ہاتھ جھڑکتے ہوئے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

دروازے کے قریب کھڑے چوکیدار نے کن انکھیوں سے اسے دیکھا۔ جیسے کہ رہا ہو استغفر اللہ کتنی جھوٹی ہے۔ اتنے چکر کاٹے ہیں مجھے چکر آنے لگ گئے۔ جھوٹی کہیں کی۔ ہنہنہ ،بڑبڑاتے ہوئے چوکیدار نخوت سے منہ موڑ لیا۔ بہن روز میں کرتی ہوں۔ کون سی قیامت آگئی اگر آج تم نے کر لیا۔ امبر نے امبر آنکھوں کو چھوٹا کیا، ایک ہاتھ سے بیگ کا پٹا تھاما ہوا تھا دوسرے ہاتھ کو قمر پر رکھتے ہوئے رکھائی سے بولی۔

یار لڑکیاں مجھے ایسے گھور گھور کے دیکھ رہی تھیں، جیسے میں یہاں لڑکوں کو تاڑنے ٹھہری ہوں۔ مورنی آنکھوں والی لڑکی کے منہ پہ دنیا جہاں کی معصومیت در آئی۔ امبر کو اس کے ایسے منہ پہ ہمیشہ ہنسی آتی تھی۔ خیر اب وہ اتنی سیریس کنڈیشن میں ہنستی ہوئی اچھی لگے گی۔

اللہ گواہ ہے انتہائی کم ہنسنے والی امبر کو اگر کوئی بے حد ہنسا سکتا تھا تو وہ واحد مورنی کی آنکھوں والی لڑکی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا، بہت حیرانگی سے پوچھا گیا۔ اداکاری میں امبر کا کوئی ثانی نہیں۔ ہاں تو اور کیا، تم سب کو چھوڑو، وہ چلتے ہوئے بات کر رہی تھیں، ان کا کالج کے کوریڈور کی جانب تھا۔ وہ چوکیدار، مونچھکڑا سا، موٹا بھینسا، مسکنڈا اللہ جانے ابھی اور کتنے کلمات پڑھتی اس بیچارے کی شان میں جب امبر نے اس کی منہ پر ہاتھ رکھ دیا۔ بس کرو لگ گیا مجھے پتہ چاچا منیر کو کوس رہی ہو۔ صبح صبح ان سے کون سی غلطی سرزد ہو گئی۔

Posted On Kitab Nagri

امبر اب پیچھے تھی جبکہ دعا دو قدم اس کے آگے تھی۔ امبر کو پیچھے چلنا پڑا۔ ظاہر ہے اس کا منہ ہنسی دبانے سے سرخ ہو رہا تھا۔ اگر دعا غلطی سے بھی اس کی طرف دیکھ لے تو تین دن کم از کم تین دن تو وہ اس سے بات نہیں کرے گی۔

مجھے گھور رہا تھا، چلو جی وہ بچارا بچپن سال کا بوڑھا آدمی اسے گھورے گا۔ امبر بس سوچ ہی سکی، کہ دیتی تو ساری سیچوایشن خراب ہو جاتی۔ اب وہ کوریڈور میں کھڑی تھی۔ بلکہ یوں کہو کہ مورنی صاحبہ تو کرسی پر ٹانگ پہ ٹانگ جمائے بیٹھی تھی۔ چونکہ کرسی ایک تھی سو امبر پلر کے ساتھ ٹیک لگائے کھڑی تھی۔

کل، طلحہ لوگ آئے تھے۔ مورنی آنکھوں والی لڑکی نے امبر کی پشت کو دیکھتے ہوئے کہا۔ امبر کا رخ کالج کے گراؤنڈ کی جانب تھی۔ شائد وہ دور گراونڈ میں کھڑی دو لڑکیوں کو دیکھ رہی تھی۔ وہ دونوں کالج کی وردی میں ملبوس تھیں۔ ایک نے حجاب کر رکھا تھا اور دوسری نے دوپٹہ مفلر کی مانند گلے میں لپیٹ رکھا تھا۔ حجاب والی لڑکی شائد کچھ کہہ رہی تھی، مفلر والی لڑکی کھکھلا کے ہنس رہی تھی۔ ان کو یہیں چھوڑ کر راہداری کے دائیں طرف والی دیوار سے ذرا سا جھانکو تو بوائز کیمپس نظر آتا ہے۔

دیوار**کے****دائیں****طرف**

Posted On Kitab Nagri

یہ بوائز کیمپس ہے جس کی قرمزی رنگ کی عمارت پوری شان سے کھڑی ہے جسے قرمزی اور سفید رنگ کی دیواریں گھیرے ہوئے ہیں۔ عمارت کے سامنے گراونڈ ہے۔اگر تم نظر دوڑاو تو دیکھو کہ کیمپس لڑکوں سے بھرا ہوا ہے۔ کئی لڑکے بیگ لٹکائے اندر جا رہے ہیں، اکثر کسی کے منتظر نظر آتے ہیں چند ایک باتوں میں مگن ہیں۔

اسلام علیکم! آواز کسی لڑکے کی تھی۔ دروازے سے قدرے دور کھڑے لڑکے نیم رخ پر مڑے اور آنے والے کو مسکراتے ہوئے دیکھنے لگے۔ برو، آگیا تو، سلام کا جواب، چند شکوہ کناں زبان اور اکثر کی ہنسنے آواز تھی۔ آنے والے نے دھاری دار شرٹ، گرے پینٹ جو کہ کالج کا یونیفارم تھا اس کے نیچے سیاہ جوگرز پہنے ہوئے تھے۔ اب وہ ایک ایک کر کے وہاں کھڑے لڑکوں سے بغل گیر ہو رہا تھا۔

بھائی آج لیٹ کیسے ان میں درخت کہ قریب کھڑا ایک لڑکا بولا۔ آنے والے نے نیم رخ پر مڑ کر اپنے پیچھے دیکھا۔ سورج کی روشنی اس کے منہ پر پڑ رہی تھی۔ سیاہ آنکھیں قدرے چھوٹی ہوئیں۔ ہاتھوں کا چھجہ بنا کر پوچھنے والے کی طرف دیکھنے لگا۔ کچھ خاص نہیں یار بس صبح آنکھ لیٹ کھلی تھی۔ تعداد کم کر لو آنکھیں جلدی کھلنے میں آسانی ہو گئی۔ سامنے کھڑے لڑکے نے اپنی طرف سے رائے دی. کم کا تو نہیں پتہ البتہ دن بہ دن بڑھ ضرور رہی ہے۔ سیاہ آنکھوں والے لڑکے نے مشورہ دینے والے کو ذرا سا مسکراتے ہوئے بتایا۔

Posted On Kitab Nagri

پھر جلد ہی وہ دور آنے والا ہے جب ہم تم سے بات کرنے کو ترسا کریں گے۔ سیاہ آنکھوں والا لڑکا موڑا کیونکہ اس دفعہ شکوہ سامنے کھڑے لڑکے نے کیا تھا۔ اب دھوپ اس کی پیٹھ پر پڑ رہی تھی۔ اب ایسا بھی کچھ نہیں بھروسہ رکھو تم لوگ۔ کالر جھاڑتے ہوئے مسکرا کر کہا۔ حالات بھروسے کی اجازت نہیں دے رہے ایک اور لڑکے نے لقمہ دیا۔ وہ سب ہنسنے لگے۔ ہنسی کی آواز دور دور تک جاتی تھی۔

کیسے ہو حمزہ سلطان؟ ان کے قریب سے گزرتے ہوئے ہوئے تقریباً پینتیس سالہ مرد نے پوچھا۔ سیاہ آنکھوں والا لڑکا موڑا۔ آہ مطلب یہ حمزہ سلطان ہے۔ میں ٹھیک سر۔ آپ سنائیں کیسے ہیں۔ سیاہ آنکھوں میں چمک تھی۔ آواز پراعتماد تھی۔ قد دراز تھا اور چہرہ نرم مسکراہٹ والا وجیہہ چہرہ تھا۔

باقی لڑکے سرک کر قدرے پیچھے ہو گئے۔ اب حمزہ سلطان اور آنے والا شخص آمنے سامنے کھڑے تھے۔ حمزہ کی گردن احتراما جھکی ہوئی تھی۔ آنے والا مرد سیاہ آنکھوں والے لڑکے سے کچھ کہہ رہا تھا۔

اب سیا آنکھوں والا لڑکا ہاں میں گردن ہلا رہا تھا۔

نوٹس بوک شاپ پر رکھوا دیئے ہیں۔ تم شاپ والے کو سٹوڈنٹس کی تعداد بتا دینا وہ کاپی کر دے گا۔ سامنے کھڑے مرد نے حکم دیا۔ آواز میں روب سا تھا۔ قرمزی درودیوار ساکت کھڑی یہ منظر دیکھتی رہیں۔ جی سر۔ سیاہ آنکھوں والے لڑکے نے سر کو ہلاتے ہوئے حکم بجالانے کی حامی بھری۔ پیچھے کھڑے لڑکے بیزار سے ان کے درمیان ہونے والی گفتگو کو سننے کی کوشش کر رہے تھے۔ بھنویں بھنچی ہوئی تھیں شائد آواز نہ آتی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے کلاس میں ملتے ہیں۔ سر کہہ کر عمارت کے صدر دروازے کی طرف چلا گیا۔ پیچھے کھڑے لڑکے لمبے لمبے ڈگ بھرتے حمزہ سلطان کی طرف آئے۔ کوئی ٹیسٹ تو نہیں نہ بتایا رضا سر نے۔ وہ فکر مندی سے پوچھنے لگے۔ نہیں یار کوئی ٹیسٹ ویسٹ نہیں، ریاضی کے نوٹس سر نے بک شاپ پر رکھائیں ہیں۔ وہ کاپی کرواکے ساری کلاس میں تقسیم کرنے ہیں۔ لڑکوں نے سمجھتے ہوئے سر ہلایا۔ عمر خورشید پیسوں والے کام پر ذرا تم روشنی ڈالو گے۔ ہادی مختار عمر سے پیسے لے کر شاپ والے کو تم دو گے۔ یہ سی آر اور ان کے حکم۔ باقی تعداد کا مجھے پتہ وہ میں بتا دوں گا۔ سب گردن ہاں میں ایسے ہلاتے تھے جیسے یہ نام کا نہیں بلکہ سچ میں کہیں کا سلطان ہو۔

طلال نہیں آیا ابھی تک۔ حمزہ سلطان نے سامنے کھڑے چمچوں سے پوچھا۔ آج چھٹی پر ہے۔ ایک چمچہ ترنت بولا۔ جیسے پہلے ہی پتہ ہو سامنے والا یکا یہی پوچھے گا۔

ہوں۔ حمزہ نے ہاں میں گردن ہلائی۔ دھوپ بڑھنے لگی۔ حمزہ سلطان کو پسینہ آنے لگا جو دھوپ جیسی چھاوں میں کھڑا تھا۔ پر پر جھکے کیکر کے درخت کے پتے ہوا کے ہلکے جھونکے سے ہلنے لگے۔ سیاہ آنکھوں والے لڑکے کے گہرے سیاہ بال جو آگے سے سنوار کے اوپر کی طرف اٹھائے ہوئے تھے ماتھے پر پھسل گئے۔

گرمی بڑھ رہی ہے کسی کمرے میں چلیں۔ ان میں سے ایک نے کہا۔ کلاس آج لیٹ ہے کوئی کمرہ خالی نہیں ملے گا۔ سیاہ آنکھوں والے لڑکے نے ہاتھ سے ماتھے پر بکھرے بالوں کو ہٹاتے ہوئے بتایا۔ اب

Posted On Kitab Nagri

کیا کریں۔ ایسے کب تک کھڑے رہیں گے۔ لڑکے پریشان سے بولے۔سب اپنے ایلیفا کی طرف دیکھنے لگے۔ ظاہر ہے ایلفا ہے تو حل بھی یہی بتائے گا۔

fret not guy's.

سیاہ آنکھوں والا لڑکا آنکھوں میں چمک اور چہرے پر مسکراہٹ سجاتے ہوئے بولا ۔ البتہ اسکی مسکراہٹ نارمل نہیں تھی۔ بلکہ شیطانی مسکراہٹ تھی ۔ لڑکے قدرے قریب ہوئے۔ خون ہو اور بھیڑیوں کو مہک نہ آئے سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

اب وہ سارے لڑکے سر کے ساتھ سر جوڑے گول دائرہ بنائے ہوئے کھڑے تھے۔ ایلفا بول رہا تھا اور وہ سب سمجھ سمجھ کر گردن ہلا رہے تھے۔چند ایک اپنی رائے بھی پیش کر رہے تھے۔ان کو پلان تیار ہونے تک یہیں چھوڑتے ہیں۔

****دیوار****کے****بائیں****طرف****

"تم نے بتادیا کہ وہ جو چاہتا ہے وہ ممکن نہیں"۔ امبر اب بھی انھیں لڑکیوں کو دیکھ رہی تھی۔ حجاب والی لڑکی اپنا پنک کلر کا بستہ مفلر والی لڑکی کو پکڑا رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

دعا خاموش رہی۔ تم اگر امبر کے کندھے سے ذرا پیچھے دیکھے تو سمجھ پاؤ مورنی کیوں چپ ہے۔ لڑکیوں کا ایک ٹولہ مورنی سے ذرا فاصلے پر آ کھڑا ہوا۔ شائد ان میں کوئی اس کی ہم جماعت بھی تھی۔ ظاہر ہے وہ نہیں بولے گی، اگر ان لڑکیوں کو ذرا سی بھنک بھی لگی کہ دعا جی لڑکے کہ بارے میں بات کر رہی ہیں تو پھر آپ سب بھی سمجھ دار ہیں۔ دور گراونڈ میں کھڑی لڑکیاں اب دوسری طرف جا رہی تھیں۔ امبر انھیں جاتا دیکھ رہی تھی۔

اتنے میں کالج کی بیل بجنے کی آواز آئی۔ یہ وارننگ بیل تھی جو لیکچر ہونے سے پانچ منٹ پہلے بجائی جاتی تھی۔ تاکہ وہ طلبہ جو گھڑیاں ہاتھ میں فقط شو مارنے کے لئے پہنتے ہیں اسکی آواز سن کی وقت کا احساس کر لیں۔ آواز سے امبر چونکی، کانوں کو ہاتھ لگایا، دو چار سلواتیں کالج والوں کے نام کیں اور مڑتے ہوئے دعا کی جانب سوالیہ نظروں سے دیکھا۔

تم نے جواب نہیں دیا۔ امبر آنکھیں چھوٹی ہوئیں، آبرو قریب ہوئے اتنے کے کہ ماتھہ شکن زدہ ہو گیا۔ فائزہ اپنے پورے ٹولے کے ساتھ یہاں کھڑی تھی۔ اویں سن لیتی تو ساری کلاس میں مسالہ لگا کے بتاتی۔ مورنی آنکھوں نے امبر آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا۔ امبر نے سمجھتے ہوئے، سر کو ہاں میں ہلایا۔

"ویسے میں نے اسے سب بتا دیا۔ بلکہ یوں کہو پوری طرح سمجھا بھی دیا۔ اور تو اور پتہ نہیں تمہاری روح کہاں سے مجھ میں گھسی ایسے رکھ رکھ کے ڈائیلاگز مارے تھے بس پوچھو مت۔" مورنی آنکھیں

Posted On Kitab Nagri

قدرے چھوٹی کرتی اور پھر بھرپور مسکراتے ہوئے جوش کے ساتھ کرسی سے اٹھ گیئ۔ صد شکر کرسی کا بھی سانس میں سانس آیا۔ لڑکیاں راہداری سے گزرتے ہوئے اسے دیکھ رہی تھیں۔ کچھ کا خیال تھا دعا کی لوٹری نکل آئی ہے۔ امبر آنکھوں میں چمک لئے اسے دیکھ رہی تھی۔

"میں نہیں پوچھوں گی کیونکہ ہر بات سے میں پہلی ہی آگاہ ہوں۔" امبر نے ذرا سا نیچے جھکتے ہوئے کیونکہ مورنی کا قد قدرے چھوٹا تھا مورنی آنکھوں میں اپنی امبر آنکھوں کو گاڑتے ہوئے رکھائی سے کہا۔ مورنی آنکھوں کی چمک یک دم پھیکی پڑ گئ۔ چہرے پر کئی رنگ آکر گزر گئے۔ دل اتنا زور سے ڈھڑکا کہ اسے دھک دھک کی آواز سنائی دینے لگی۔ وہ کیسے بھول گئ۔ "اس کا مشاہدہ گہرا سوچ وسیع ہے، وہ آنکھوں کے جھوٹ دلوں کے راز جان لیتی ہے، اس کی نظریں باریک بین ہیں۔"

مورنی کی آنکھوں والی لڑکی نے سانس روکے دل ہی دل میں کہا۔

